# 14-05-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔بھو بھارتی قانون کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنے کیلئے تلنگانہ کے یوم تاسیس یعنی 2 جون سے ریاست بھر میں ریونیو سدسو منعقد کئے جائیں گے۔

۲۔چیف منسٹر ریونت ریڈی کل سے جئے شنکر بھوپال پلی ضلع کے کالیشورم میں شروع ہونے والے سرسوتی پشکرالو میں شرکت کریں گے۔

۳۔سی پی ایم نے پہلگام دہشت گرد حملے اوراس کے بعد کے واقعات پر مباحث کیلئے پارلیمنٹ کے خصوصی سیشن کا مطالبہ کیا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران اکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

GOVERNOR:

ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے آج گورنر جشنو دیو ورما کے ساتھ خیر سگالی ملاقات کی۔اس ملاقات کے دوران ریاستی وزیر نے گورنر کو ریاستی حکومت کے دو اہم پروگراموں بھو بھارتی ایکٹ اور اندراماں ہاؤزنگ اسکیم پر عمل آوری کی تفصیلات سے واقف کروایا۔ انہوں نے گورنر کو بتایا کہ ہاؤزنگ اسکیم کے تحت ریاستی حکومت اِس سال ساڑھے چار لاکھ مکانات منظور کررہی ہے۔اس اسکیم کے تحت ہر اسمبلی حلقہ میں 3500 مکانات منظور کئے جائیں گے۔ وزیر مال نے گورنر کو یہ بھی بتایا کہ قبائلی حلقوں میں 500 سے 700 زائد مکانات الاٹ کئے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ آئی ٹی ڈی اے حدود کے اندر چنچو خاندانوں کیلئے 10 ہزار مکانات منظور کئے جارہے ہیں۔سرینواس ریڈی نے بتایا کہ پہلے مرحلہ میں غریب ترین خاندانوں کو مکانات منظور کئے جارہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ گورنر نے تین اضلاع میں جو گاؤں گود لئے ہیں، ان کیلئے بھی اندراماں مکانات منظور کئے گئے ہیں۔بھو بھارتی ایکٹ کے بارے میں وزیر مال نے بتایا کہ اراضی سے متعلق مسائل کے مستقل حل کیلئے یہ قانون لایا گیا ہے۔ایک سرکاری بیان میں کہا گیا کہ اراضی سے متعلق یہ مسائل گزشتہ 10 سال سے زیر التوا ہیں۔

WEATHER:

تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران اکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ تلنگانہ میں آئندہ تین دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت اوسط سے دو تا تین ڈگری سلسیس زیادہ ہوسکتا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پدا پلی ضلع میں اکا دوکا مقامات پر شدید بارش ہوئی۔ اسی مدت کے دوران ریاست میں چند مقامات پر بارش ہوئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ اعظم ترین درجہ حرارت 42.4 ڈگری سلسیس کھمم میں ریکارڈ کیا گیا۔

PREZ-FORCES CHIEF:

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان نے فوج کے سربراہ جنرل اوپیندرا دیویدی، فضائیہ کے سربراہ ایر چیف مارشل اے پی سنگھ اور بحریہ کے سربراہ ایڈمیرل دنیش کے تیرپاٹھی نے آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی اور انہیں آپریشن سندور کی تفصیلات سے واقف کروایا۔ صدر جمہوریہ نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں مسلح افواج کی بہادری عزم وحوصلہ کی تعریف کی اور دہشت گردی کے خلاف بھارت کے ردِعمل کو غیر معمولی کامیاب بنانے میں ان کے رول کا اعتراف کیا۔

BSF JAWAN RETURNED

بارڈر سیکورٹی فورس کے جوان پورنم کمار شاہ کو پاکستانی فوج نے آج صبح بھارت کے حوالہ کردیا۔ پاکستانی رینجرس نے بی ایس ایف جوان کو 23 اپریل کو اس وقت پکڑ لیا تھا جب اس نے غیر ارادی طور پر پنجاب کے فیروز پور سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کو پار کیا۔ بی ایس ایف کے ذرائع نے جالندھر کے ہمارے نمائندے سے بات چیت کرتے ہوئے اس واقعہ کی تصدیق کی۔ بی ایس ایف جوان کو امرتسر میں اٹاری جوائنٹ چک پوسٹ کے ذریعہ بھارتی فوج کے حوالہ کیا گیا۔ بی ایس ایف جوان کی حوالگی پرامن انداز میں اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق ہوئی۔ یہ جوان سرحد کے قریب کام کرنے والے کسانوں کے تحفظ کیلئے متعین ٹیم کا حصہ تھا۔

## UPS CHAIRMAN

جسٹس بھوشن رام کرشنا گوائی نے آج 52 ویں چیف جسٹس آف انڈیا کی حیثیت سے حلف لے لیا۔ راشٹر پتی بھون میں آج صبح منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جسٹس گوائی کو حلف دلایا۔ جسٹس بی آر گوائی، جسٹس سنجیو کھنا کے جانشین ہیں جو کل ریٹائرڈ ہوگئے۔ اس تقریب میں نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر، وزیر اعظم نریندر مودی، کئی مرکزی وزرا اور سپریم کورٹ کے ججوں نے شرکت کی۔

## MISS WORLD

مس ورلڈ 2025ء میں حصہ لینے والی حسینائیں اِس وقت ورنگل اور ملگو ضلع میں تاریخی رامپا مندر کے دورہ پر ہیں۔ مندوبین کو دو علیحدہ گروپوں میں تقسیم کیا گیا۔ ایک گروپ تاریخی ورنگل قلعہ، ہزار ستون مندر اور بھدرا کالی مندر کا دورہ کررہا ہے جبکہ دوسرا گروپ یونیسکو کی فہرست میں شامل رامپا مندر کا دورہ کررہا ہے جہاں وہ روایتی پیرینی رقص کا مشاہدہ کررہا ہے۔ مقابلہ حسن میں شرکت کرنے والی یہ حسینائیں کاکتیا دور کے کلچر، روایات اور تاریخ کا مطالعہ کریں گی۔ ورنگل ضلع کے پالم پیٹ میں واقع رامپا مندر کو یونیسکو عالمی ورثہ کے مقامات کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ دونوں گروپ کل یادگیری گٹہ میں سری لکشمی نرسمہا سوامی مندر کا دورہ کریں گے۔ وہ یو این ڈبلیو ٹی او کی جانب سے مسلمہ پوچم پلی گاؤں میں بنکری کی روایات کا مشاہدہ کریں گے۔

## VACCINE

آندھرا پردیش کے وجئے واڑہ میں منعقدہ ایک پروگرام میں چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو مویشیوں میں جلد کی بیماری کی روک تھام کیلئے ایک ٹیکہ جاری کیا۔ حیدرآباد کی بھارت بائیوٹیک کمپنی کی ایک ذیلی کمپنی بائیو ویٹ نے بائیولمپی ویکسین نامی یہ ٹیکہ تیار کیا ہے۔ مویشیوں میں جلد کی بیماری پر خاص توجہ دی جارہی ہے کیونکہ اس سے مویشیوں کی صحت اور ڈیری کی صنعت پر شدید اثرات پڑرہے ہیں۔

## CJI GAVAI OATH

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ڈاکٹر اجئے کمار کو یونین پبلک سروس کمیشن کا چیرمین مقرر کیا ہے۔ ڈپارٹمنٹ آف پرسونیل اینڈ ٹریننگ کی جانب سے جاری کئے گئے ایک حکم نامہ کے مطابق ڈاکٹر کمار کی میعاد اس دن شروع ہوگی جب وہ چیرمین کی حیثیت سے جائزہ لیں گے۔ ڈاکٹر کمار ایک ریٹائرڈ آئی اے ایس آفیسر ہیں۔ وہ 1985 بیچ کی کیرالا کیڈر کے آئی اے ایس آفیسر رہ چکے ہیں۔ انہوں نے اگست 2019ء سے اکتوبر 2022ء تک ڈیفنس سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

## OATH

تلنگانہ کے چار نو مقرر کردہ انفارمیشن کمشنرس نے آج حلف لے لیا۔ چیف انفارمیشن کمشنر جی چندر شیکھر ریڈی نے محسنہ پروین، بورِیڈی ایودھیا ریڈی، پی وی سرینواس راؤ اور دیشالا بھوپال کو چیف منسٹر ریونت ریڈی کی موجودگی میں حلف دلایا۔

## CPI(M)

کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا مارکسسٹ نے بی جے پی کی زیر قیادت مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس طلب کرتے ہوئے عوام کو پہلگام دہشت گرد حملے اور اس کے بعد کئے گئے آپریشن سندور اور دیگر واقعات سے واقف کرائے۔ سی پی آئی ایم کے جنرل سکریٹری ایم اے بے بی نے کہا کہ 22 اپریل کو پہلگام میں 26 بے گناہ افراد کو قریب سے گولی ماردی گئی لیکن حکومت ابتک اس حملہ میں ملوث کسی بھی دہشت گرد کو پکڑ نہیں سکی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے بعد منعقدہ کل جماعتی اجلاس میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے دعویٰ کیا کہ آپریشن کا مقصد حاصل کرلیا گیا۔ حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بے بی نے کہا کہ پارلیمنٹ میں کئی سوالات کا جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت بیان دیتی ہے تو اپوزیشن وضاحت طلب کرے گی۔

PUSHKARALAU

چیف منسٹر ریونت ریڈی کل سے جئے شنکر بھوپال پلی ضلع کے کالیشورم میں شروع ہونے والے سرسوتی پشکرالو میں شرکت کریں گے۔ چیف منسٹر اس موقع پر پشکر گھاٹ کا افتتاح کریں گے۔ اس پروگرام میں چند کابینی وزرا شرکت کریں گے۔ 14 سال کے بعد منعقد ہونے والے اس پشکرالو کیلئے انڈومنٹ کے محکمہ نے تمام انتظامات کئے ہیں۔ پولیس نے وسیع تر سیکورٹی انتظامات کئے ہیں۔ پشکرالو کا اختتام اس مہینہ کی 26 تاریخ کو ہوگا۔

Bhu Bharati

وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ بھوبھارتی قانون کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لئے تلنگانہ کے یوم تاسیس یعنی 2 جون سے ریاست بھر میں ریونیو سدسو منعقد کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 10 سال سے تلنگانہ میں اراضی کے مسائل کے مستقل حل کیلئے بھوبھارتی قانونی پر عمل آوری کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزمائشی بنیاد پر منعقدہ سدسو کے دوران منڈلوں میں پیش آئے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے 2 جون سے ریاست بھر میں ریونیو سدسو منعقد کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھوبھارتی قانون کے تحت موصولہ ہر عرضی کی مقررہ وقت میں یکسوئی کی جائے گی۔